## سوال

(376)اقامت اکہری یا دوہری

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

گزارش ہے کہ ترمذی کی ایک حدیث جس کو احناف حضرات اپنی اذان واقامت کی دلیل کے طور پر پیش کرتے ہیں کیا یہ حدیث صحیح ہے؟ اگر ضعیف ہے تو اس کا ضعف کیا ہے امید ہے کہ جواب با دلیل ہوگا:

'بَابُ مَا جَاءَ اَنَّ الاِقَامَۃَ مَثْنٰی مَثْنٰی حَدَّثَنَا اَبُو سَعِیدِنِ الاَشَجُّ ثَنَا عُقبَۃُ بنُ خَالِدٍ عَنِ ابنِ اَبِی لَیلٰی ، عَن عَمرِو بنِ مُرَّۃَ، عَن عَبدِ الرَّحمٰنِ بنِ اَبِی لَیلٰی ، عَن عَبدِ اللّٰہِ بنِ زَیدٍ قَالَ : کَانَ اَذَانُ رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ شُفعًا ، شُفعًا فِی الاَذَانِ ، وَالاِقَامَۃِ 'سنن الترمذی ، اابواب الصلوۃ، بَابُ مَا جَاءَ اَنَّ الاِقَامَۃَ مَثْنٰی مَثْنٰی ، رقم :۱۹۴

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس باب کے تحت بذاتِ خود امام ترمذی رقمطراز ہیں : ' وَعَبدُ الرَّحمٰنِ بنُ اَبِی لَیلٰی لَم یَسمَع مِن عَبدِ اللّٰہِ بنِ زَیدٍ 'سنن الترمذی مع تحفۃ الاحوذی : ۱/ ۵۸۱ یعنی عبد الرحمن بن ابی لیلیٰ کا عبد ا بن زید سے سماع ثابت نہیں۔ محدث مبارکپوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں :

'وَحَدِیثُ اِفرَادِ الاِقَامَۃِ اَصَحُّ، وَاَثبَتُ۔ وَقَد ثَبَتَ بِطَرِیقَینِ صَحِیحَینِ ، عَن عَبدِ اللّٰہِ بنِ زَیدٍ اِفرَادُ الاِقَامَۃِ 'تحفۃ الاحوذی : ۱/ ۵۸۰

یعنی افراد اقامت کی حدیث زیادہ صحیح اور زیادہ ثابت ہے۔

عبد ا بن زید رضی اللہ عنہ سے ''صحیحین'' کے دو طریقوں میں افرادِ اقامت ثابت ہے۔ مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو! تحفۃ الاحوذی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی**

محدث فتویٰ